# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 10, 2025

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ سید عابد حسین سینیئر سیکنڈری اسکول نے کلاس پری پ اور پہلی جماعت میں داخلے کے لیے کامیابی کے ساتھ قرعہ اندازی کرائی گئی۔قرعہ اندازی کے عمل کو لائیو دکھایا گیا

سید عابد حسین سینیئر سیکنڈری اسکول میں کلاس پری پ کے لیے صبح دس بجے اور پہلی جماعت میں داخلے کے لیے آٹھ مارچ دو ہزار پچیس کو دو پہر ڈھائی بجے کامیابی کے ساتھ قرعہ اندازی کرائی گئی۔ اسکول داخلہ کمیٹی ، جامعہ اسکولوں کے پرنسپلس ، درخواست دہندگان اوران کے والدین کے سامنے لاٹری ڈرا کا کام ہوا۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور چیئر مین، اسکول ایڈمیشن کمیٹی نے حاضرین کو بتایا کہ پری پ کی کلاس میں گزشتہ سال کے مقابلے میں سیٹیں ڈبل کردی گئی ہیں اور یونیورسٹی انتظامیہ اسکول کی دوسری جماعتوں میں بھی سیٹوں کی تعداد بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے۔انتہائی شفافیت کو برقرار رکھتے ہوئے نیز سبھی درخواست دہندگان کو یکساں مواقع کی فراہمی کے ساتھ لاٹری سلپ کو ایک مہر بند باکس میں رکھ دیا گیا تھا جسے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی اور ڈاکٹر احتشام الحق، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات جامعہ ملیہ اسلامیہ نے حاضرین کے سامنے ڈرا کے لیے کھولا۔مزید برآں لاٹری کے اس پورے عمل کو یوٹیوب پر لائیو نشر کیا گیا تا کہ جاری داخلہ کاروائی میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

قرآن پاک کی تلاوت سے لاٹری کا پروگرام شروع ہوا جس کے بعد سید عابد حسین کی پرنسپل محترمہ شگفتہ سکندر خان نے تمام معزز مہمانان اور والدین کا پرخلوص استقبال کیا۔کلاس پری پ میں درخواست دہندگان کی کل تعداد دو ہزار چھ سو گیارہ تھی اور پہلی جماعت میں داخلہ کے لیے کل دو ہزار نو سو سولہ درخواستیں تھیں۔ پری پ میں لاٹری سے کل اسی سیٹیں بھری گئیں (جو گزشتہ سال چالیس سے بڑھا کر کی گئی تھیں )اور پہلی جماعت میں کل چالیس سیٹیں تھیں۔

اسکول عہدیداروں، یونیورسٹی اہل کاروں اور والدین کی موجودگی، داخلوں میں دیانت داری، انصاف اور شفافیت کے تئیں اسکول کے عہد کی گواہ ہے۔اسکول داخلہ کمیٹی اراکین نے ڈرا سسٹم کو آسانی کے ساتھ،انتہائی شفافیت اور بہتر انداز میں انجام دینے کے لیے پرنسپل،سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول اور دیگر اسٹاف کی سنجیدگی اور ان کی کوششوں کو سراہا۔

سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول، جامعہ ملیہ اسلامیہ انیس سو اٹھاسی میں بطور ماڈل اسکول قائم ہوا تھا اس کے بعد وہ انیس سو اکیانوے میں سینئر سیکنڈری اسکول میں تبدیل ہوا۔بطور مخلوط تعلیم انگریزی میڈیم اسکول اس نے پری پ سے بارہویں جماعت

تک تقریباً چوبیس سوطلبہ اور ایک سو سات اسٹاف ( تدریسی و غیر تدریسی ) کو معیاری تعلیم فراہم کرائی ہے۔ مختصر سے وقفے میں اسکول نے اہم سنگ میل طے کیے ہیں ۔ یہاں سے فارغ التحصیل طلبہ ملک اور دنیا میں بھر اپنے اپنے شعبے میں بہتر کر رہے ہیں۔ سید عابد حسین سینیئر سیکنڈری اسکول نے متواتر ایسے طلبہ دیے ہیں جنھوں نے آئی آئی ٹی جے ای ای مینز کلیئر کیے ہیں میڈیکل انٹرنس امتحانات پاس کیے ہیں اور بھی اہم اعلی پیشہ ورانہ کورسیز کے امتحانات بھی پاس کیے ہیں جو ادارے کی تعلیمی فضیلت کو آشکار کرتا ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی